10067 ـ مقتدی کا قرآن مجید پکڑنا خلاف سنت ہے

سوال

رمضان المبارك میں نماز ترویح کے دوران مقتدي کا قرآن مجید پکڑ کر امام سے قرآن سننے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس وجہ سے قرآن مجید اٹھانا کئی ایك وجوہ کی بنا پر سنت کے مخالف ہے:

پہلی وجہ:

اس طرح قیام میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر نہیں رکھا جا سکتا.

دوسری وجہ:

ایسا کرنے سے بہت زیادہ حرکت کرنا پڑتی ہے، جس کی کوئی ضرورت نہیں، مثلا قرآن مجید کھولنا، بند کرنا، اور اسے بغل کے نیچے رکھنا.

تیسری وجہ:

حقیقت میں ایسا کرنے سے نمازی اپنے حرکات میں مشغول ہو جاتا ہے.

چوتھی وجہ:

نماز سجدہ والی جگہ پر نظر نہیں رکھ سکتا، اکثر علماء کرام کہتے ہیں کہ سجدہ کی جگہ پر نظر رکھنا سنت اور افضل ہے.

پانچویں وجہ:

اگر وہ اپنے دل کو نماز میں حاضر نہ رکھے ہو سکتا وہ یہ بھول جائے کہ وہ نماز ادا کر رہا ہے، لیکن اس کے خلاف اگر اس نے خشوع و خضوع کے ساتھ اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر رکھا ہو اور اپنا سر سجدے والی جگہ کی طرف جھکایا ہوا ہو تو اس طرح اسے یہ زیادہ خیال ہو گا کہ وہ نماز میں ہے، اور امام کے پیچھے ہے .